Day 2 — Condition II: Shunning Falsehood & Nine Moral Evils

Saturday, 21 November 2026 · Book: *Conditions of Bai'at and Responsibilities of an Ahmadi* · Printed pp. 21 & 25 · **https://talim.ca/ashratalim**

> Condition II
>
> **"That he/she shall keep away from falsehood, fornication/adultery, trespasses of the eye, debauchery, dissipation, cruelty, dishonesty, mischief and rebellion; and that he/she will not permit himself/herself to be carried away by passions, however strong they might be."**

Commentary (Hazrat Khalifatul-Masih V (aa))

Nine kinds of sins are mentioned in this condition, and the initiate, everyone who claims to belong to the Jama'at of the Promised Messiah (as), should eschew those sins.

Falsehood—the Greatest of Evils

Indeed, falsehood is the greatest of all evils.

The Promised Messiah (as) says:

> "The Holy Qur'an has regarded the uttering of falsehood to be an abomination as Allah says: "Shun

> therefore the abomination of idols, and shun false speech." (al-Hajj, 22:31). Here the words falsehood and idolatry have been used in conjunction. Indeed, falsehood is an idol because otherwise no one would leave the truth. Just as an idol has nothing but artificial polish, so too, falsehood has no reality behind it. Those who tell lies lose their credibility so much that even when they speak the truth one thinks that perhaps there is an element of falsehood in it. If those who are given to telling lies want to cut down their habits, they will not find it easy; they have to struggle for a long time before they get used to speaking the truth."

(Malfuzat, vol. 3, p. 350)

Readings, Full Book (Printed pp. 21–50 | UR Printed pp. 19–46) & 3 Quizzes: https://talim.ca/ashratalim

شرطِ بیعت نمبر ۲: جھوٹ اور دیگر بُرائیوں سے بچنا

Saturday, 21 November 2026 · شرائطِ بیعت اور احمدی کی ذمہ داریاں · Printed pp. 19 & 23 ·
https://talim.ca/ashratalim

شرطِ بیعت نمبر ۲

”یہ کہ جھوٹ اور زنا اور بد نظری اور ہر ایک فسق و فجور اور ظلم اور خیانت اور فساد اور بغاوت کے طریقوں سے بچتا رہے گا اور نفسانی جوشوں کے وقت ان کا مغلوب نہیں ہو گا اگرچہ کیسا ہی جذبہ پیش آوے۔“

تشریح (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

اس ایک شرط میں نو قسم کی برائیاں بیان کی گئی ہیں کہ ہر بیعت کرنے والے کو، ہر اس شخص کو جو اپنے آپ کو حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی جماعت میں شامل ہونے کا دعویٰ کرتا ہے ان برائیوں سے بچنا ہے۔

سب سے بڑی برائی۔ جھوٹ

اصل میں تو سب سے بڑی برائی جھوٹ ہے۔

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”قرآن شریف نے جھوٹ کو بھی ایک نجاست اور رجس قرار دیا ہے۔ جیسا کہ فرمایا ہے: فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ○ (الحج آیت ۳۱)۔ دیکھو یہاں جھوٹ کو بت کے مقابل رکھا ہے اور حقیقت میں جھوٹ بھی ایک بت ہی ہے۔ ورنہ کیوں سچائی کو چھوڑ کر دوسری طرف جاتا ہے۔ جیسے بت کے نیچے کوئی حقیقت نہیں ہوتی اسی طرح جھوٹ کے نیچے بجز ملمع سازی کے اور کچھ بھی نہیں ہوتا۔ جھوٹ بولنے والوں کا اعتبار یہانتک کم ہو جاتا ہے کہ اگر وہ سچ کہیں تب بھی یہی خیال ہوتا ہے کہ اس میں بھی کچھ جھوٹ کی ملاوٹ نہ ہو۔ اگر جھوٹ بولنے والے چاہیں کہ ہمارا جھوٹ کم ہو جائے تو جلدی سے دور نہیں ہوتا۔ مدت تک ریاضت کریں تب جا کر سچ بولنے کی عادت ان کو ہو گی۔“

(ملفوظات جلد سوم، صفحہ ۳۵۰)